© rasailojaraid.com

غزل

(سعید احمد اکبرآبادی)

کلکتہ کے ایک مخصوص مشاعرہ منعقدہ ۳۱ر دسمبر ۱۹۵۴ء کی ایک طرحی غزل؛

جہاں میں قدرِ کمال و ہنروری نہ رہی
نیازِ عشق کو حاصل وہ سروری نہ رہی

غرورِ حسن کا ہرگز نہیں گلہ تم سے
ملال یہ ہے کہ توقیرِ بندگی نہ رہی

حجابِ ضبط اٹھا داغِ دل ہوا ظاہر
چراغِ طور بجھا دو کہ تیرگی نہ رہی

فریبِ قلب و نظر ہے وصال و ہجر کا فرق
شکایتِ غمِ ہجراں رہی کبھی نہ رہی

وہ نشترِ نگہِ ناز کیا ہوا اے دوست
دل و جگر میں بہم صلح و آشتی نہ رہی

بلاکشانِ محبت اے معاذ اللہ
ہوئی اب ان کی وہ حالت کہ گفتنی نہ رہی

جگر کے پار ہوا تیرِ نیم کش تیرا
وہ دل لگی ہی سہی پر تو دل لگی نہ رہی

وہ سُن کے حالِ تباہ مسکرا دیے شاید
کہ شامِ غم میں وہ پہلی سی تیرگی نہ رہی

زہے نصیب بالطافِ یک نگاہِ کرم
حیاتِ عشق کبھی درد سے بری نہ رہی

ہوا ہے رنگِ پریدہ جمالِ خود آرا
حدیثِ دردِ محبت شنیدنی نہ رہی

کہاں چلے ہو سراسیمہ و پریشاں ہو
مریضِ عشق کی حالت تو دیدنی نہ رہی

ہر ایک گام پہ جلوے بہر قدم سجدے
جبینِ شوق کو درکار رہبری نہ رہی

یہ کیا ہوا ترے گلشن کو باغباں آخر
وہ رنگ و بو نہ رہے گل میں تازگی نہ رہی

پڑے ہیں قبر میں آسودہ سکوں ہو کر
پہنچ گئے سرِ منزل تو خستگی نہ رہی

انھیں کے دم سے تھی رنگینیِ خیال و نظر
وہ کیا گئے کہ کسی شے میں دلکشی نہ رہی

ہزار شکر کہ آئے تو تم سرِ بالیں
مرا نصیب کہ آنکھوں میں روشنی نہ رہی

سعید زار ہے اب رہینِ جور و جفا
جہاں میں کیا رہ و رسمِ رفوگری نہ رہی

© rasailojaraid.com